# SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
September 3, 2016

حکومت نے سکوک اور ٹی ایف سی کا ٹیکس برابر کر دیا

اسلام آباد، ۳ ستمبر: ایس ای سی پی کی سفارشات پر حکومت نے ایک انتہائی اہم فیصلہ کرتے ہوئے سکوک اور ٹی ایف سی کا ٹیکس برابر کر دیا ہے۔۔اس رعایت کے تحت سکوک کو بھی ٹیکس کے حوالے سے وہ استثنیات حاصل ہو جائیں گی جو پہلے صرف ٹی ایف سیز کو دستیاب تھیں۔اس مقصد کے لئے ٹیکس قانون میں ترامیم کر دی گئی ہیں۔

روایتی ٹی ایف سی اور سکوک پر ٹیکس کے فرق نے سکوک کے اجرا کو بڑی حد تک اس کی کشش سے محروم کر دیا تھا۔اب ٹیکس قانون میں ترامیم سے سکوک کو بھی ٹیکس استثنیٰ ملے گا اور اس کے نتیجے میں سکوک اپنی لاگت کے حوالے سے ٹی ایف سی کے برابر آ جائے گا۔اس اقدام سے اسلامی مالیاتی نظام کو بہت بڑھاوا ملے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254